مسبوق کی رہ جانے والی نماز کا طریقہ

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-358

تاریخ اجراء: 19 جُمادَی الاُولٰی 1443ھ /24 دسمبر 2021ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

دوسری، تیسری اور چوتھی رکعت بلکہ قعدۂ اخیرہ میں شامل ہونے والا شخص اپنی بقیہ رکعتیں کس طرح مکمل کرے گا؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جماعت میں شریک مقتدی جس کی کچھ رکعتیں نکل گئی ہوں، مَسْبُوق کہلاتا ہے۔ امام کے سلام پھیرنے کے بعد فوت شدہ رکعتوں کی ادائیگی کا طریقہ درج ذیل ہے:

اگر ساری رکعتیں (چار رکعات والی کی چاروں رکعتیں، تین والی کی تین اور دو والی کی دونوں) نکل گئی ہوں اور آخری رکعت کے رکوع کے بعد امام کے ساتھ شامل ہوا تو امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑا ہو کر اس طرح نماز پڑھے، جس طرح منفرد یعنی اکیلا شخص نماز پڑھتا ہے یعنی کھڑا ہو کر پہلی دو رکعتوں کو فاتحہ و سورت کے ساتھ ادا کرے، دو رکعتی نماز ہو تو تشہد وغیرہ مکمل کرکے سلام پھیر دے، تین یا چار رکعتی فرض نماز ہو تو تشہد کے بعد کھڑا ہو کر صرف فاتحہ پڑھ کر رکوع وغیرہ کرکے رکعت مکمل کرے۔

اگر صرف ایک رکعت ملی ہے تو امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑا ہو کر پہلی رکعت کی طرح (فاتحہ اور سورت کے ساتھ) ایک رکعت ادا کرے اس میں قعدہ بھی کرے۔ اگر یہ دو رکعتی نماز ہے تو تشہد وغیرہ مکمل کرکے سلام پھیر دے۔

اور چار رکعتی فرض نماز (ظہر و عصر و عشا) ہو تو پھر کھڑا ہو کر ایک رکعت سورۂ فاتحہ اور سورت کے ساتھ پڑھے، اس میں قعدہ نہیں کرے گا پھر اس کے بعد ایک اور رکعت صرف فاتحہ پڑھ کر رکوع وغیرہ کرکے مکمل کرے۔

اور اگر دو رکعتیں نکلی ہوں تو امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑا ہو کر دو رکعتیں فاتحہ اور سورت کے ساتھ پڑھے۔

اور اگر مغرب کی نماز میں دو رکعتیں رہ گئی ہوں تو دونوں رکعتیں فاتحہ و سورت کے ساتھ پڑھے اور اپنی ایک رکعت ادا کرنے کے بعد قعدہ بھی کرے۔

اور اگر مغرب کی نماز میں ایک رکعت نکلی ہو تو امام کے سلام کے بعد کھڑا ہو کر فاتحہ اور سورت کے ساتھ رکعت مکمل کرے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net